46 قائد اور قیادت

کسی بھی قوم یا ادارے کے آدھے مسائل اس وقت حل ہوجاتے ہیں جب وہ اپنے لیے ایک صحیح راہنما یا قائد چُن لیتے ہیں۔ اچھی قیادت اندھیرے میں روشنی اور مایوسی میں اُمید کا نام ہے۔ منزلوں پر پہنچنے کے راستے اچھے قائد اور قیادت کے ذریعے ہی ممکن ہیں۔ قیادت کی خوب صورتی یہ ہوتی ہے کہ وہ معمولی صلاحیتوں والے لوگوں سے بھی غیر معمولی کام لے لیتی ہے۔ قیادت صرف بلند عہدوں پر فائز لوگوں کی ضرورت نہیں بلکہ فی زمانہ ہر آدمی کی ضرورت ہے۔

ذیل میں کچھ رہنما اصول دیے جارہے ہیں جن کی مدد سے ہم اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو پروان چڑھا سکتے ہیں:

۱- قائد کی پہچان اس کے بصیرت افروز خیالات سے ہوتی ہے اور بصیرت منزل کا پتا دیتی ہے۔

۲- اپنے مقاصد کو لوگوں کے مقاصد سے ہم آہنگ کیجیے۔ جب مقاصد یکساں ہوں گے تو ان کے حصول کی لگن اور جستجو بھی مشترکہ ہوگی۔

۳- اپنے رویوں میں امتیاز پیدا نہ کریں کہ اس سے دلوں میں اختلاف آجاتا ہے اور مقاصد کے حصول کی لگن کمزور ہوجاتی ہے۔

۴- مثبت تنقید کا بُرا نہ منائیں اور منفی تنقید کا دلائل کے ساتھ جواب دیں۔

۵- جتنا موثر آپ کا ابلاغ ہوگا، اتنی ہی بہتر اور موثر آپ کی قیادت ہوگی۔ لوگوں کی باتیں بہت توجہ سے سُنیں اور مسائل کے ادراک کے لیے اُن کی رہنمائی کریں۔

۶- تبدیلیوں سے نہ گھبرائیں۔ جو تبدیلی آپ کے اُصولوں اور قدروں سے متصادم نہ ہو، اُس کو ضرور اپنائیں کہ ہر نیا دن ایک نئی اُمید کے ساتھ طلوع ہوتا ہے۔

۷- ناکامیوں سے دل برداشتہ نہ ہوں۔ بالآخر یہ ناکامیاں ہی کامیابیوں کا سبب بنیں گی۔ مسلسل محنت اور لگن میں ہی کامیابی کی کنجی ہے۔

۸- اپنے لوگوں کو متحرک (motivated) رکھیں۔ لوگ جتنے زیادہ متحرک ہوں گے اُتنے ہی اچھے نتائج دیں گے۔

۹- لوگوں سے اچھا کام لینے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ خود نمونہ (role model) بنیں۔ پہلے وہ کام خود کریں پھر دوسروں سے اُس کی توقع رکھیں۔

۱۰- اپنی ٹیم کی کامیابی کو اپنی کامیابی سمجھیں اور ان کامیابیوں کا نہ صرف یہ کہ اعتراف کریں بلکہ اُن کو انعام بھی دیں۔

سنابل العلم